32629-وہ حج اور تجارت کے لیے سفر کرنا چاہتا ہے

سوال

کیا میرے لیے جائز ہے کہ میں حج کے لیے سفر کروں اور مکہ سے سامان خریدوں تا کہ اپنے ملک میں بیچ کر نفع کماؤں ؟

پسندیدہ جواب

حج کے موسم میں تجارت کرنی جائز ہے ، امام طبری رحمہ اللہ تعالی نے اپنی تفسیر میں اپنی سند کے ساتھ ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت بیان کی ہے کہ : اللہ تعالی کے فرمان:{تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم اپنے رب کا فضل تلاش کرو}.البقرۃ(198) کی تفسیر میں ابن عباس رضی اللہ تعالی کہتے ہیں : احرام سے قبل اوراحرام کے بعد خرید وفروخت میں تم پر کوئی حرج نہیں۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے .